بدعات کے خلاف
سو فتوے
اہلسنت میں رائج جاہلانہ رسومات کا رد
کی تصریحات کی روشنی میں سو فتوے
تالیف
مولانا محمد شہزاد ترابی قادری

اہلسنت میں مروج جاہلانہ رسومات کا رد امام اہلسنت اعلیٰ حضرت احمد رضا کی تعلیمات کی روشنی میں

بدعات کے خلاف

امام احمد رضا خان بریلوی کے

۱۰۰ سو فتوے

تالیف

مولانا محمد شہزاد ترابی قادری

زاویہ پبلشرز

(8-C [illegible] بلڈنگ، [illegible] مارکیٹ لاہور

فون 042-7248657

موبائل: 0300-9467047 - 0300-4505456

Email zaviapublishers@yahoo.com

2010ء

بار اول......1000

ہدیہ......100

زیر اہتمام......نجابت علی تارڑ

﴿لیگل ایڈوائزرز﴾

رائے صلاح الدین کھرل ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-7842176

محمد عمران حسن بھٹہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-8800339

﴿ملنے کے پتے﴾

اسلامک بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی 051-5530111

احمد بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی 051-5558320

کتاب گھر، کمیٹی چوک، راولپنڈی 051-5552929

مکتبہ بابا فرید، چوک چٹی قبر، پاکپتن شریف 0301-7241723

مکتبہ قادریہ، پرانی سبزی منڈی، کراچی 0213-4944672

مکتبہ برکات المدینہ، بہادر آباد، کراچی 0213-4219324

مکتبہ رضویہ، آرام باغ، کراچی 0213-2216464

مکتبہ ضیائیہ، کمیٹی چوک، اقبال روڈ، راولپنڈی 051-5534669

مکتبہ سخی سلطان، حیدر آباد 0321-3025510

مکتبہ قادریہ، سرکلر روڈ گوجرانوالہ 055-4237699

علامہ فضل حق پبلیکیشنز، دربار مارکیٹ، لاہور 0300-4798782

کتب خانہ حاجی مشتاق احمد، بوہڑ گیٹ ملتان 061-4545486

الابصار" سے سند لاتی ہیں اور احادیث صحیحہ میں رؤیت کا اثبات بمعنی احاطہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کو کوئی شے محیط نہیں ہوسکتی وہی ہر شے کو محیط ہے اور اثبات نفی پر مقدم (فتاویٰ رضویہ جدید جلد 29 ص 332 'مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

تاش اور شطرنج کھیلنا گناہ وحرام ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ تاش وشطرنج کھیلنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: دونوں (تاش وشطرنج) ناجائز ہیں اور تاش زیادہ گناہ وحرام کہ اس میں تصاویر بھی ہیں (فتاویٰ رضویہ جدید جلد 24 ص 113 'مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

کیا انبیائے کرام علیہم السلام کے فضلات شریفہ پاک ہیں

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ سے پوچھا گیا کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے فضلات شریفہ (یعنی جسم سے خارج ہونے والے زائد مادے مثل بول و براز وغیرہ) پاک ہیں؟

آپ نے ارشاد فرمایا پاک ہیں اور ان کے والدین کریمین کے وہ نطفے بھی پاک ہیں جن سے یہ حضرات پیدا ہوئے (شرح الشفاء للقاضی عیاض جلد اول ص 168 'شرح العلامۃ الزرقانی جلد اول ص 194)

(ملفوظات شریف ص 456 'مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی)

پائنچے ٹخنے سے نیچے رکھنا مکروہ تنزیہی ہے

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: پائنچے ٹخنے سے نیچے بھی مکروہ تنزیہی ہے یعنی صرف خلاف اولیٰ جبکہ بہ نیت تکبر نہ ہو۔

فتاویٰ عالمگیری میں (مسئلہ مذکورہ کی) تصریح کی گئی اور اس بارے میں صحیح بخاری کی حدیث موجود ہے۔ تم ان لوگوں میں سے نہیں جو براہ تکبر ٹخنوں سے نیچے ازار (شلوار) لٹکاتے ہیں (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سوال پر حضور ﷺ نے ان سے ارشاد فرمایا تھا)

(فتاویٰ رضویہ جدید جلد 23 ص 98 'مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

ذکر کرتے وقت بناوٹی وجد حرام ہے

بعض حلقہ ذکر میں دوران ذکر کچھ لوگ بناوٹی طور پر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اچھل کود شروع کر دیتے ہیں۔ ایک دوسرے کے اوپر گر پڑتے ہیں۔ جس سے مجلس کا تقدس پامال ہوتا ہے۔ دیکھنے والے کو تماشا محسوس ہوتا ہے۔ ایسے ہی کاموں کے متعلق امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ سے سوال کیا گیا۔

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ذکر جلی کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور آواز کس قدر بلند کر سکتا ہے' کوئی حد معین ہے یا نہیں؟ حلقہ باندھ کر ذکر کرتے وقت ذکر کرتے کرتے کھڑے ہو جانا اور سینہ پر ہاتھ مارنا' ایک